**Tanveer / Fazil**

**15-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج سے شروع ہونے والے My Bharat Budget Quest 2026 کے ریاستی اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی سطح کے فاتحین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- جموں و کشمیر پولیس نے جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ پر فائرنگ کی کوشش کی جانچ کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی ہے۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہُرمز کے بند ہونے سے متاثر ملکوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے جنگی جہاز بھیجیں تاکہ تیل کی عالمی سپلائی کے لحاظ سے اہم ترین تنگ جہازرانی پٹّی کو محفوظ بنایا جا سکے۔

4- ایران کا کہنا ہے کہ بین الاقوامی جہازرانی کیلئے آبنائے ہُرمز کھلا ہے، لیکن امریکہ اور اسرائیل سے تعلق رکھنے والے جہازوں کو آبنائے ہُرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔

5- بھارت نے افغانستان کے علاقے میں پاکستان کے اُن ہوائی حملوں کی مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں بہت سے شہری ہلاک ہوئے ہیں۔

6- اور بھارت نے انگلینڈ سے کوالیفائر میں صفر-دو سے ہارنے کے باوجود خواتین کے FIH ہاکی عالمی کپ کیلئے کوالفائی کر لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev. PM - MY Bharat Budget Quest**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج سے شروع ہونے والے MY Bharat Budget Quest 2026 کے ریاستی مرکز کے زیر انتظام علاقے کی سطح کے فاتحین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس پہل سے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہوگی، جس سے وہ وِکست بھارت یا ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کے بارے میں اپنے نقطۂ نظر ایک دوسرے سے ساجھا کرنے کے علاوہ مرکزی بجٹ پر تبادلۂ خیال کرسکیں گے۔**

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Aditya**

*MY Bharat Budget Quest 2026 میں معاشی منصوبہ بندی اور شمولیاتی حکمرانی میں نوجوانوں کے ذہن یا یووا شکتی کو شامل کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ اس اقدام کا یہ بھی مقصد ہے کہ پالیسی کو شکل دینے میں امرت پیڑھی یا نوجوان نسل کے کردار کو مستحکم کیا جائے اور 2047 تک آتم نربھر وِکست بھارت کیلئے خدمات انجام دی جائیں۔*

*MY Bharat Budget Quest 2026 کو زبردست پزیرائی حاصل ہوا ہے، کیونکہ 12 لاکھ سے زیادہ نوجوان لوگوں نے شرکت کی اور 47 ہزار مضامین داخل کیے گئے ہیں۔ مرکزی بجٹ 2026 کو ایک یووا شکتی سے تحریک پانے والے کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے، جس میں مستقبل کی ترقی کیلئے تعلیم، ہُنرمندی، صنعتکاری، اختراع اور مواقعے میں سرمایہ کاری کے ذریعے بھارت کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے پر پوری طرح زور دیا گیا ہے۔*

*اس تناظر میں مائی بھارت پلیٹ فارم پر منعقد MY Bharat Budget Quest 2026 ایک منفرد پہل کے طور پر اُبھرا ہے، جو مرکزی بجٹ کو ملک کے نوجوانوں کے قریب لایا ہے، جس سے وہ اپنی ترجیحات سمجھ سکیں گے اور بھارت کی ترقی کے سفر کیلئے اپنے نظریات کو سرگرمی کے ساتھ پیش کر سکیں گے۔*

*نئی دلّی سے آدتیہ پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............فہیم احمد*

<u>**J&K - SIT**</u>

جموں و کشمیر پولیس نے سابق ریاستی وزیر اعلیٰ اور جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر فاروق عبداللہ پر فائرنگ کی کوشش کی جانچ کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی ہے۔ یہ تحقیقاتی ٹیم جموں سامبھا کٹھوا رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کی نگرانی میں تشکیل دی گئی ہے۔

یہ SIT، ایس ایس پی، سنجے شرما، ایس پی ہیڈکوارٹر جموں ارشاد حسین راتھر، ڈپٹی ایس پی اروِند کمار Sambyal، انسپکٹر سوروپ سنگھ، انسپکٹر پرم جیت سنگھ، گنگیال پولیس اسٹیشن کے SHO، انسپکٹر سنجیو Chib اور انسپکٹر شارق مجید پر مشتمل ہے۔

ٹیم کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مقررہ وقت کے اندر اپنی جانچ مکمل کرے۔ SIT تشکیل دینے کا حکم جموں زون کے انسپکٹر جنرل آف پولیس بھیم سین Tuti کی طرف سے جاری کیا گیا ہے۔

فائرنگ کا واقعہ 11 مارچ کو پیش آیا تھا، جب فاروق عبداللہ جموں میں ایک بینکویٹ ہال میں شادی کی تقریب میں

شرکت کر رہے تھے۔×

**UAE Iran**

متحدہ عرب امارات سکیورٹی الرٹ پر ہے، کیونکہ خلیج فارس میں خرگ جزیرہ پر واقع ایران کے خام تیل کے اہم برآمداتی مرکز پر امریکہ کے حملوں کے بعد پورے مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی فوجوں نے اس جزیرے پر کئی فوجی اہداف کو تباہ کردیا ہے، لیکن انہوں نے تیل برآمد کرنے والے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ نہیں بنایا۔ ایرانی حکام نے ابھی تک نقصان کی تفصیلات جاری نہیں کی ہیں، اگرچہ یہ جزیرہ ایرانی تیل کی برآمدات اور وسیع معیشت کا ایک اہم مرکز ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C: Vinod Kumar**

متحدہ عرب امارات انتہائی سکیورٹی الرٹ پر ہے کیونکہ ایران نے شہریوں کیلئے، وارننگ جاری کی ہے کہ وہ بندرگاہوں، **Docks** اور امریکہ کی فوجی سرگرمیوں سے منسلک مقامات کے قریبی علاقوں میں جانے سے گریز کریں۔ یہ وارننگ ایران کے خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹرز نے جاری کی ہے، جس نے کہا ہے کہ اس طرح کے مقامات کو امریکہ کی جاری فوجی مہم کے جواب میں جائز اہداف تصور کیا جا سکتا ہے۔ **UAE** کے حکام نے اس بیان کے بعد فوری طور پر کسی حملے کی خبر نہیں دی ہے، لیکن احتیاط کے طور پر پورے ملک میں فضائی دفاعی نظام فعال ہیں۔ **UAE** کے حکام کا کہنا ہے کہ ملک کسی بھی سکیورٹی خطرے کا جواب دینے کیلئے تیار ہے۔

افسران شہریوں پر زور دے رہے ہیں کہ وہ بندرگاہوں، فوجی تنصیبات کے نزدیک علاقوں میں جانے سے گریز کریں اور سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی ہدایت پر عمل کریں۔ شہریوں سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ فضائی دفاعی سرگرمیوں یا حملے کو روکنے والے مقامات کی فلم نہ بنائیں اور اسے سوشل میڈیا پر نہ ڈالیں۔ اس نے متنبہ کیا ہے کہ اس طرح کی فوٹیج سے قومی سلامتی کے آپریشن سے سمجھوتہ ہوسکتا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............حسین اختر

**Trump Hormuz Strait**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تہران کی جانب سے آبنائے ہُرمز بند کرنے کی کوشش سے متاثرہ ملکوں سے اپیل کی ہے کہ وہ عالمی تیل سپلائی کے لحاظ سے اہم ترین تنگ جہازرانی پٹی کی حفاظت کیلئے اپنے بحری جنگی جہاز بھیجیں۔ ٹرمپ نے یہ اپیل

ایسے وقت میں کی ہے، جب ایران کے ساتھ جنگ تیسرے ہفتے میں داخل ہوگئی ہے۔ Truth سوشل پر کی گئی پوسٹ میں ٹرمپ نے چین، فرانس، جاپان، جنوبی کوریا اور برطانیہ جیسے ممالک سے آبنائے ہُرمز میں اپنے بحری جنگی جہاز بھیجنے کی اپیل کی ہے۔ ٹرمپ نے کہاکہ امریکہ ساحلی پٹی پر بمباری جاری رکھے گا اور ایرانی جہازوں اور کشتیوں کو نشانہ بنائے گا۔ امریکہ اور اسرائیل نے مل کر ایران پر 28 فروری سے بڑے پیمانے پر حملوں کی شروعات کی ہے، جس کے بعد پورا خلیجی خطہ ایران کے جوابی حملوں کی زد میں آ گیا ہے۔

آبنائے ہُرمز میں ایرانی حملوں کی وجہ سے بحری آمدورفت متاثر ہوئی ہے، جو خام تیل کی عالمی سپلائی چین کیلئے اہم ہے۔×

**Araghchi Strait of Hormuz**

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اسٹریٹجک اعتبار سے اہم آبنائے ہُرمز بین الاقوامی جہاز رانی کیلئے کُھلا ہے، لیکن امریکہ اور اسرائیل سے تعلق رکھنے والی کشتیوں کو آبنائے ہُرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔ جناب عراقچی کا یہ بیان خطے میں حالیہ فوجی پیش رفت کے بعد بڑھتی کشیدگی کے دوران آیا ہے۔ امریکی کیبل نیوزچینل کے ساتھ انٹرویو میں عراقچی نے کہاکہ اِس آبی گزرگاہ کو پوری طرح بند نہیں کیا گیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے یہ دعویٰ ایسے وقت میں کیا ہے، جب بھارتی کشتیوں سمیت سیکڑوں جہاز خلیج فارس اور خلیج عمان کے درمیان واقع آبنائے ہُرمز کی تنگ سمندری پٹی میں پھنسے ہوئے ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

**Govt.Briefing West Asia**

بھارت کے پرچم والے دو جہازوں Shivalik اور Nanda Devi نے کل بحفاظت آبنائے ہُرمز عبور کر لیا۔ بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے کل یہ بات نئی دلّی میں بین وزارتی میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجا تا شرما نے بتایا کہ کسی بھی خوردہ آؤٹلیٹس یا LPG ڈسٹری بیوٹرشپ میں کوئی قلت نہیں ہے اور ڈیزل اور پیٹرول کافی مقدار میں دستیاب ہے۔ محترمہ سُجا تا نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گھبراہٹ میں LPG سلینڈرس کی بکنگ کرنے سے گریز کریں اور جب ضرورت ہو تبھی LPG سلینڈر کی بکنگ کریں۔

**S/B - SI - Sujata on LPG Booking**

## Iran Ambassador

بھارت میں ایران کے سفیر محمد فتح علی نے بتایا کہ بھارت کو جلد ہی آبنائے ہُرمز سے گزرنے کیلئے محفوظ راستہ حاصل ہو سکے گا۔ کل نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے محمد فتح علی نے بتایا کہ بھارت، ایران کا ایک دوست ملک ہے۔ یہ پوچھے جانے پر کیا ایران بھارتی جہازوں کو آبنائے ہُرمز سے گزرنے دیا جائے گا۔ اس پر فتح علی نے مثبت ردّعمل کا اظہار کیا۔ اس دوران پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے بتایا کہ بھارت، پیٹرول اور قدرتی گیس کی پیداوار میں خودکفیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی ریفائنریاں 100 فیصد صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور مناسب مقدار میں خام تیل نکالا جا رہا ہے۔×

## MEA - Pak Afghan

بھارت نے افغانستان کے علاقے میں پاکستان کے ہوائی حملوں کی مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں بہت سے افراد ہلاک ہوئے ہیں اور شہری بنیادی ڈھانچے تباہ ہوا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ یہ حملہ پاکستانی فوج کی جانب سے جارحیت کی ایک اور حرکت ہے، جو ایک خودمختار افغانستان کے نظریے کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اس بات کے تئیں پُر عزم ہے کہ افغانستان کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کا پوری طرح احترام کیا جانا چاہیے۔×

## Sikkim Film

سکم کی فلم ''Shape of Momo'' نے گلاسگو فلم فیسٹول میں اپنی شروعاتی اسکریننگ کے بعد یوروپ بھر میں نئے سلیکشن حاصل کرتے ہوئے بین الاقوامی فیسٹول سرکٹ میں اپنا کامیاب سفر جاری رکھا ہے۔ ہدایت کار تربینی رائے کی ہدایت کاری والی اور فلم ساز گیتا رائے کی فلم اس مہینے اٹلی میں 35ویں افریقی، ایشیائی اور لاطینی امریکی فلم فیسٹول میں مسابقہ آرائی کرے گی، جہاں اِسے ''ونڈوز آن دی ورلڈ'' فیچر فلم مقابلے کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔

اِس کے بعد ''Shape of Momo'' فلم ایمسٹرڈیم میں ہونے والے سینما ایشیا فلم فیسٹول کیلئے روانہ ہوگی۔

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے چنڈی گڑھ، ہریانہ، مشرقی اترپردیش، پنجاب اور اتراکھنڈ میں آج تیز ہواؤں اور ژالہ باری کے ساتھ بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، اوڈیشہ، تلنگانہ، وِدرَبھ اور مغربی مدھیہ پردیش میں اِسی طرح کے موسمی حالات کی پیش گوئی کی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے محکمۂ موسمیات کے سینئر سائنسداں آر-کے-جینامنی نے بتایا کہ قومی راجدھانی کیلئے آج تیز ہواؤں، گرج چمک اور بارش سے متعلق یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

اِس دوران جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفرآباد میں بھی آج تیز ہواؤں اور ژالہ باری کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔×

## J&K Garden Ticketing

جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے باغات میں داخلے کیلئے آن لائن ٹکٹ نظام کا آغاز کیا ہے۔ یہ پہل، ڈیجیٹل حکمرانی کو فروغ دینے اور سیاحوں کی آسانی کی جانب اہم قدم ہے۔ پھولوں کی کاشت اور باغات کے محکمے نے J&K بینک کے ساتھ مل کر باغات میں داخلے کا آن لائن ٹکٹنگ نظام متعارف کرایا ہے۔×

## FIH Women's Hockey

حیدرآباد میں GMC Balyogi ہاکی گراؤنڈ میں خواتین کے FIH ہاکی ورلڈ کوالیفائر کے فائنل میں کل شام بھارت انگلینڈ سے دو-صفر سے ہار گیا، لیکن اس کے باوجود بھارت اس سال کے میگا ایونٹ کیلئے کوالیفائی کرنے میں کامیاب ہو گیا ہے، جس کی نیدرلینڈ اور بیلجیم کے ذریعے مشترکہ طور پر میزبانی کی جاتی ہے۔

انگلینڈ نے بھارت کے خلاف 13 ویں منٹ میں ایک پلینٹی کارنر کے ذریعے پہلا گول کیا، جبکہ دوسرا گول 43 ویں منٹ Elizabeth Neal نے کیا۔ چیمپئن انگلینڈ، رنرزاَپ بھارت اور اسکاٹ لینڈ نے عالمی کپ کیلئے اس ایونٹ میں کوالیفائی کر لیا ہے۔ اس ورلڈ کپ کا ایڈیشن 14 سے 30 اگست کے درمیان شروع ہوگا، جس کی میزبانی نیدرلینڈ اور بیلجیم کریں گے۔ یہ ورلڈ کپ مردوں کے ٹورنامنٹ کے ساتھ شروع ہوگا۔×

## F1 Grand Prix Cancel Bahrain Saudi

فارمولہ وَن نے اعلان کیا ہے کہ مغربی ایشیاء میں جاری جنگ کی وجہ سے اپریل میں بحرین اور سعودی عرب میں گراں پری منعقد نہیں ہو سکے گی۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس کیلئے متبادل مقام پر غور کیا گیا ہے۔ فارمولہ وَن 12 اپریل کو بحرین میں ہونا تھا اور 19 اپریل کو یہ سعودی عرب کے شہر جدّہ میں منعقد ہونا تھی۔×

## BCCI Naman Awards

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI آج نئی دِلی میں ہونے والے باوقار Naman انعامات 2026 کے دوران بھارتی کرکٹ کھلاڑیوں اور کرکٹ میں تعاون کرنے والوں کی حصولیابیوں کا جشن منائے گا۔ اِس سال کی تقریب میں روجر بنّی اور راہل دراوڑ جیسے مایہ ناز کرکٹ کھلاڑیوں کو بھارتی کرکٹ میں غیرمعمولی خدمات کیلئے BCCI کی جانب سے دیئے جانے والے اعلیٰ ترین اعزاز کرنل سی-کے-نائیڈو لائف ٹائم اچیومنٹ انعام سے نوازا جائے گا۔

اِس دوران خواتین کرکٹ میں غیرمعمولی اثر کے اعتراف میں سابق بھارتی کپتان متالی راج کو خواتین کے BCCI لائف

ٹائم اچیومنٹ انعام سے نوازا جائے گا۔

لائف ٹائم اعزازات کے علاوہ Naman انعامات، سال 2024-25 کرکٹ سیزن کے دوران غیرمعمولی کارکردگیوں کا بھی اعتراف کریں گے۔ بھارت کے ٹیسٹ اور ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے کپتان شبھمن گِل کو دوسری مرتبہ مردوں کے پولی اُمریگر بہترین بین الاقوامی کرکٹر انعام سے سرفراز کیا جائے گا۔ وہیں خواتین کی بہترین بین الاقوامی کرکٹر کا انعام، پانچویں مرتبہ اسمرتی مندھانا کو دیا جائے گا۔×

**MUST ANNOUNCEMENT**

آکاشوانی پر پیوپلز پدم کی ہماری سیریز کے حصے کے طور پر آج ہم آئندہ ایپیسوڈ میں مصنف اشوک کمار ہلدر سے گفتگو کریں گے۔ اُنہیں ادب اور تعلیم کے شعبے میں اُن کی خدمات کیلئے پدم شری سے نوازا جائے گا۔

**S/B - Attached**

آپ آج صبح 9 بجکر 10 پر 100 اعشاریہ ایک آکاشوانی گولڈ پر اس بات چیت کو سُن سکتے ہیں۔ آپ نیوز آن AIR ایپ اور نیوز آن AIR آفیشل یو ٹیوب چینل پر بھی اسے سُن سکتے ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ ۔ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کے شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

اخبار انقلاب نے مغربی بنگال میں BJP کی ''پریورتن یاترا'' کے اختتام پر وزیراعظم نریندر مودی کے ایک جلسہ عام سے خطاب کو اپنی شہ سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے ''بنگال میں تبدیلی ناگزیر، TMC حکومت کی الٹی گنتی شروع''۔

ہندوستان ایکسپریس نے آسام کے سلچر میں وزیراعظم کے ہاتھوں 23 ہزار 550 کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھے جانے کی خبر کو صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔

اخبار پرتاپ نے نائب صدرجمہوریہ رادھا کرشنن کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر

میں طلبا اور نوجوانوں کا اہم کردار۔ اِس اخبار کی ایک اور سرخی ہے 'ایئر انڈیا ایکسپریس نے مغربی ایشیا سے مسافروں کو لانے کیلئے پروازوں میں اضافہ کیا'۔

اخبارات کی ایک اور سرخی ہے 'بھارتی پرچم والے دو تیل ٹینکروں کو گزرنے کی اجازت'۔ اس کے علاوہ ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل سید عطا حسنین کے بہار کے گورنر کا عہدہ سنبھالنے کی خبریں سبھی اخبار میں ہے۔ اخبارات نے مغربی ایشیا میں جاری تنازعہ سے متعلق خبروں کو بھی اہمیت دی ہے۔ اس سلسلے میں انقلاب لکھتا ہے 'ایران کے جزیرہ خرگ کے فوجی ٹھکانوں پر امریکہ کی بمباری'۔ اِس اخبار کی ایک اور سرخی ہے 'امریکہ اور اسرائیل کے حملوں میں ایک ہزار 348 ایرانی ہلاک اور 17 ہزار سے زائد زخمی'۔ امریکہ نے ایرانی قیادت پر ایک کروڑ ڈالر انعام کا اعلان کیا، یہ خبر بھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔×

## <u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج سے شروع ہونے والے **My Bharat Budget Quest 2026** کے ریاستی اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی سطح کے فاتحین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- جموں و کشمیر پولیس نے جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ پر فائرنگ کی کوشش کی جانچ کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم **SIT** تشکیل دی ہے۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہُرمز کے بند ہونے سے متاثر ملکوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے جنگی جہاز بھیجیں تاکہ تیل کی عالمی سپلائی کے لحاظ سے اہم ترین تنگ جہازرانی پٹّی کو محفوظ بنایا جا سکے۔

4- ایران کا کہنا ہے کہ بین الاقوامی جہازرانی کیلئے آبنائے ہُرمز کھلا ہے، لیکن امریکہ اور اسرائیل سے تعلق رکھنے والے جہازوں کو آبنائے ہُرمز سے گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔

5- بھارت نے افغانستان کے علاقے میں پاکستان کے اُن ہوائی حملوں کی مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں بہت سے شہری ہلاک ہوئے ہیں۔

6- اور بھارت نے انگلینڈ سے کوالیفائر میں صفر-دو سے ہارنے کے باوجود خواتین کے **FIH** ہاکی عالمی کپ کیلئے کوالفائی کر لیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------